اردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-I)	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2018ء (دوسرا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A' B' C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- نظم یا نثر میں کسی سیاسی، تاریخی، مذہبی یا افسانوی واقعہ کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے:

(a) تشبیہ (b) تلمیح ✓
(c) استعارہ (d) مجازِ مرسل

2- کسی ایک چیز کو کسی دوسری چیز کی مانند قرار دینا ہے:

(a) مجازِ مرسل (b) استعارہ
(c) تشبیہ ✓ (d) کنایہ

3- لڑکوں نے شور۔۔۔۔:

(a) مچائی (b) مچایا ✓
(c) مچائے (d) مچائیں

4- ارکانِ استعارہ کی تعداد ہے:

(a) دو (b) تین ✓
(c) چار (d) پانچ

5- نازیہ اور شازیہ نے کہا ہم بازار جائیں۔۔۔۔:

(a) گی (b) گیں
(c) گے ✓ (d) گیا

6- وہ چیز جس کے ساتھ کسی دوسری چیز کو تشبیہ دی جائے:

(a) مشبہ (b) مشبہ بہ ✓
(c) وجہ تشبیہ (d) غرض تشبیہ کہتے ہیں

7- بات رکھتے ہی ترازو ٹوٹ ـــــ:

(a) گیا (b) گئیں

(c) گئے (d) گئی ✓

8- انگریزی پوری دنیا میں ـــــ ہے:

(a) سمجھا جاتا (b) سمجھے جاتا

(c) سمجھی جاتی ✓ (d) سمجھے جاتی

9- استعارہ کے لغوی معنی ہیں:

(a) جان لینا (b) ماننا

(c) ادھار لینا ✓ (d) ادھار دینا

10- اس ـــــ کرتوت پر اس کا والد شرمندہ ہے:

(a) کا (b) کی

(c) کے ✓ (d) کیں

11- مطلع کے دونوں مصرعوں اور باقی اشعار کے دوسرے مصرعے میں ردیف سے پہلے آتا ہے:

(a) قافیہ ✓ (b) کنایہ

(c) مقطع (d) استعارہ

12- "اپنی مدد آپ" ایک آزمودہ ـــــ ہے:

(a) خیال (b) نظریہ

(c) تجربہ (d) مقولہ ✓

13- عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ہستی میں نہ کوئی شہر نہ کوئی دیار راہ میں ہے' ردیف کی نشاندہی کیجیے:

(a) راہ میں ہے ✓ (b) ہستی میں

(c) کوئی شہر (d) فکر

14- الصریف کا موضوع کیا ہے:

(a) عملی جراحت (b) طب اور جراحت ✓

(c) جراحت (d) میڈیسن

15- ردیف کے لغوی معنی ہیں:

(a) بار بار آنے والا (b) آہستہ آہستہ آنے والا

(c) دوڑنے والا (d) گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا ✓

16- اقبالؒ کا پہلا خط کس کے نام ہے:

(a) اکبر الٰہ آبادی (b) مولانا گرامی ✓

(c) حکیم اجمل خاں (d) ڈاکٹر عبدالرحمٰن

17- غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرے ہم قافیہ وہم ردیف ہوں کیا کہلاتا ہے:

(a) قافیہ (b) مطلع ✓

(c) تلمیح (d) مقطع

18- سرسید کھانے کے بعد کیا پیتے تھے:

(a) کافی (b) چائے

(c) دودھ ✓ (d) پانی

19- غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، کہلاتا ہے:

(a) مطلع (b) مقطع ✓

(c) تشبیہ (d) قافیہ

20- سبق ''چراغ کی لَو'' کے مصنف کا کیا نام ہے:

(a) غلام عباس (b) ہاجرہ مسرور ✓

(c) احمد ندیم قاسمی (d) خدیجہ مستور